PPAF
پی پی اے ایف

AWAMI DEVELOPMENT ORGANIZATION
ADO

ووٹ کا اندراج

ووٹ درج کرانے کی اہمیت

ووٹ جمہوری عمل کا ایک بنیادی عنصر ہے۔ جو نا صرف اس کی کامیابی میں ایک فیصلہ کن کردار ادا کرتا ہے۔
بلکہ عوام کی سب سے بڑی قوت ہے۔ جس کے ذریعے وہ اپنی تقدیر بدل سکتی ہیں۔

ووٹر کی اہلیت:

☆ کوئی بھی شخص جو پاکستان کا شہری ہو۔
☆ اس کی عمر اٹھارہ سال یا اس سے زائد ہو۔
☆ اسے کسی عدالت کی طرف سے خراب ذہنی حالت کا حامل قرار نہ دیا گیا ہو۔
☆ جو کسی انتخابی حلقے کا رہائشی ہو۔ وہ اس حلقے میں اپنا ووٹ درج کروا سکتا ہے۔
☆ انتخابات میں صرف وہی افراد ووٹ دے سکتے ہیں جن کا نام ووٹر لسٹ میں درج ہو۔

ووٹ درج کرانا کچھ ایسا مشکل کام نہیں۔ البتہ اس کے لئے ضروری ہے کہ پہلے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ بنوایا جائے۔

ووٹ کا اندراج مقامی ووٹر رجسٹریشن آفس یعنی ضلع کے اسسٹنٹ الیکشن کمشنر کے دفتر میں ہوتا ہے۔

ووٹ اندراج کا طریقہ کار

☆ ووٹ بنوانے کیلئے اپنے ضلع کے اسسٹنٹ الیکشن کمشنر (جو کہ رجسٹریشن آفیسر بھی ہے) کے دفتر میں اندراج ووٹ کا درخواست فارم حاصل کریں۔
☆ اندراج ووٹ درخواست میں تمام کوائف جن میں آپ کا نام، عمر، قومی شناختی کارڈ نمبر اور مکمل پتہ درج کروائیں۔
☆ اندراج ووٹ کے درخواست فارم کے ساتھ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لگائیں۔
☆ اگر کہیں انداراج ووٹ کا فارم دستیاب نہیں ہے تو اس صورت میں سادہ کاغذ پر ووٹ کے اندراج کیلئے اسسٹنٹ الیکشن کمشنر کے نام درخواست لکھیں اور اس کے ساتھ قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی تصدیق کروا کے اسسٹنٹ الیکشن کمشنر کے دفتر میں جمع کروائیں

درخواست داخل دفتر کرنے کے بعد رسید ضرور حاصل کریں۔

ہاؤسنگ کالونی فیز II بالمقابل کلینک ڈاکٹر شفیق الرحمٰن چشتی بائی پاس روڈ لیہ
Ph: 0606-412571
E.mail: info@awammi.org Website: www.awammi.org

عوامی ترقیاتی ادارہ لیہ